# 7857 ـ اگر عید اور جمعہ اکٹھے ہو جائیں تو کیا جائیگا ؟

### سوال

کیا اگر عید الفطر جمعہ کے دن آ جائے تو کیا میرے لیے نماز عید ادا کرنے کے بعد نماز جمعہ ادا نہ کرنا یا اس کے برعکس نماز عید ادا نہ کروں بلکہ جمعہ کی نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر عید جمعہ کے دن آ جائے تو نماز عید ادا کرنے والے شخص کے لیے نماز جمعہ میں حاضر ہونے کا وجوب ساقط ہو اس کے حق میں حاضر ہونا سنت ہے، اگر جمعہ میں حاضر نہ ہو تو اسے ظہر کی نماز ادا کرنا ہو گی، یہ امام کے لیے نہیں بلکہ مقتدیوں کے لیے ہے، کیونکہ امام کے لیے حاضر ہونے والے مسلمانوں کے لیے نماز جمعہ پڑھانا واجب ہے، وہ اس روز بالکل نماز جمعہ کی ادائیگی نہیں چھوڑ سکتا.